11-06-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......ریٹائرڈ جسٹس ایل نرسمہا ریڈی انکوائری کمیشن نے سابق وزیر اعلی تلنگانہ کو بجلی خریداری معاملے میں نوٹس جاری کی ہے۔

......آندھرا پردیش این ڈی اے اتحاد نے ٹی ڈی پی سربراہ چندرا بابو نائیڈو کو لیجسلیچر پارٹی کا قائد منتخب کیا ہے۔آندھرا پردیش کے گورنر نے چندرا بابو نائیڈو کو تشکیل حکومت کی دعوت دی ہے۔

تقریب حلف برداری کل ہوگی۔

...... یو جی سی کی جانب سے اعلی تعلیمی اداروں میں نئی پالیسی تشکیل دی جارہی ہے۔جس کے تحت آئندہ تعلیمی سال میں تعلیمی اداروں کو سال میں دومرتبہ طلبا کو داخلہ لینے کی اجازت رہے گی۔

......سنگارینی کالریز کمپنی۔ایس سی سی ایل۔نے روزگار میں ہمدردی کی بنیاد پر حد عمر میں پینتیس سے چالیس سال تک کا اضافہ کیا ہے۔

PPA

ریٹائرڈ جسٹس ایل نرسمہا ریڈی انکوائری کمیشن نے سابق وزیر اعلی تلنگانہ کو بجلی خریداری معاملے میں نوٹس جاری کی ہے۔واضح رہے کہ سابقہ بی آر ایس حکومت کے عوام چھتیس گڑھ حکومت کے ساتھ معاہدے کئے گئے تھے جبکہ پی پی کے مطابق مبینہ طور پر اس میں بے قاعدگیاں پائی گئی ہیں۔بجلی خریداری معاملے پر بے قاعدگیوں کے ضمن میں جسٹس ایل نرسمہا ریڈی کمیشن کے سربراہ نے آج صحافیوں کو بتایا کہ کمیشن نے پچیس سرکاری اور غیر سرکاری عہدیداروں کی نشاندہی کی ہے جنہوں نے اس معاملے میں اہم فیصلے کئے تھے۔واضح رہے کہ کانگریس حکومت کی جانب سے اس ضمن میں کمیشن تشکیل دیا گیا تھا۔

NAIDU

تلگودیشم پارٹی چیف اور امیدوار وزیر اعلی آندھرا پردیش چندرا بابو نائیڈو نے آندھرا پردیش ریاست کے لئے مرکز کی جانب سے ہر طرح کی مدد حاصل ہونے کی امید ظاہر کی ہے۔ٹی ڈی پی۔ جنا سینا۔ بی جے پی کے لیجسلیچرس اجلاس کو مخاطب کرتے ہوئے وجئے واڑہ میں چندرا بابو نائیڈو نے یہ بات کہی۔انہوں نے کہا کہ انتخابات میں جس طریقے سے عوام نے انہیں اکثریت سے کامیاب کیا ہے اس سے ان کی ذمہ داریوں میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔نائیڈو نے کہا کہ نئی حکومت ریاست کے قرض سے متعلق مکمل معلومات حاصل کرے گی اور ریاست کے لئے خصوصی معاشی پیا کیج حاصل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ زرعی پراجکٹس کی تعمیرات کو گذشتہ حکومت کے دوران روک دیا گیا تھا۔اور سابق وزیر اعلی جگن موہن ریڈی کے دور اقتدار میں تمام شعبہ جات متاثر رہے۔انہوں نے کہا کہ امراوتی ریاست کا صدر مقام برقرار رہے گا۔جبکہ وشاکھا پٹنم کو نئے معاشی صدر مقام کی حیثیت سے ترقی دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ عوام میں جس طریقے سے ٹی ڈی پی اور اس کے الائنس پر بھروسہ کا اظہار کیا ہے اس سے مزید بہتر حکمرانی فراہم کرنے کی ذمہ داری بڑھ چکی ہے۔

اس موقع پر جنا سینا کے چیف پون کلیان نے تعلیم ۔ زراعت ۔ اور صحت کے شعبے پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ بی جے پی کی ریاستی صدر ڈی پوریندریشوری نے مودی ۔ نائیڈو ۔ اور پون کلیان کے اتحاد کو تین ندیوں کے اتحاد سے تعبیر کرتے ہوئے بی جے پی کے سب کا ساتھ سب کا وکاس نظریہ کو اجاگر کیا۔

ADD NAIDU

اس دوران آندھرا پردیش کے گورنر ۔ ایس عبدالنذیر نے نیشنل ڈیموکریٹیک الائنس کے لیڈر نارا چندرا بابو نائیڈو کو حکومت تشکیل دینے کی دعوت دی ۔ واضح رہے کہ اس سے قبل قومی جمہوری محاذ کے قائدین نے ان سے ملاقات کرتے ہوئے حکومت تشکیل دینے کا دعوی پیش کیا۔

UGC

یو جی سی کی جانب سے اعلی تعلیمی اداروں میں نئ پالیسی تشکیل دی جارہی ہے ۔ جس کے تحت آئندہ تعلیمی سال میں تعلیمی اداروں کو سال میں دو مرتبہ طلبا کو داخلہ لینے کی اجازت رہے گی ۔ یو جی سی کے ضابطہ کے مطابق طلبا کو سال میں ایک مرتبہ ہی داخلے کی اجازت ہے ۔ یو جی سی چیرمین پروفیسر ایم جگدیش کمار نے کہا کہ نئے پالیسی کے ذریعہ ایسے طلبا کو جو نتائج کی تاخیر کی وجہ سے یا ناسازی صحت یا کسی اور وجہ سے داخلہ نہ لئے پائے ہوں انہیں داخلہ لینے کا موقع رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ نئ پالیسی کے ذریعہ ایسے طلبا کی حوصلہ افزائی ہوگئ جو کسی وجہ سے داخلہ لینے سے محروم ہو گئے ہوں ۔

SC NEET

سپریم کورٹ نے آج نیت یو جی ۔ دو ہزار چوبیس امتحانات کے بعد کونسلنگ پروگرام پر روک لگانے سے انکار کر دیا۔ عدالت نے نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی ۔ این ٹی اے ۔ اور دوسروں کی جانب سے پانچ مئی دو ہزار چوبیس کو منعقد ہونے والے نیٹ امتحان کو منسوخ کئے جانے سے متعلق عرضی کی سنوائی کی ۔ اس معاملے پر آٹھ جولائی کو ایک اور معاملے کے ساتھ سنوائی کی جائے گی ۔ کچھ نوجوان طالب علموں کی جانب سے بدعنوانیوں اور دھوکہ دہی کی تحقیقات کرنے کا مطالبہ کیا جارہا تھا۔ اس کے علاوہ امتحانات کو منسوخ کرنے اور نئے سرے سے دوبارہ امتحانات منعقد کرنے کی بھی اپیل کی جارہی تھی ۔

AMITH SHAH

امیت شاہ آج وزارت داخلہ میں بہ حیثیت وزیر داخلہ اپنے عہدے کا جائزہ حاصل کریں گے وہ منسٹری آف کوآپریشن کا عہدہ بھی حاصل کریں گے۔

YOGA

دسویں بین الاقوامی یوگا ڈے کی آمد کے موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی بین الاقوامی سطح پر یوگا کے پیغام کو بڑھاوا دے رہے ہیں ۔ آج سوشیل میڈیا پوسٹ پر مودی نے کہا کہ یوگا ایک بہترین عمل ہے ۔ جس کے ذریعہ ہم دنیا بھر میں یکجہتی اور ہم آہنگی کو بڑھاوا دے سکتے ہیں ۔

انہوں نے کہا کہ یوگا کے ذریعہ ہم دنیا بھر میں بہترین ثقافت کو اجاگر کرسکتے ہیں۔مودی نے کہا کہ ہم سب کو چاہیے کہ ہم یوگا کو اپنی زندگی کا ایک حصہ بنائیں اور دوسروں کو بھی اس جانب متوجہ کریں۔

FOOD SEFETY

ریاستی صحت ۔طب اور خاندانی بہبود کے وزیر داموددر راج نرسمہا نے اعلان کیا کہ ملاوٹ شدہ کھانے کی تیاری کرنے والوں کے خلاف حکومت سخت اقدامات کرے گی۔کمیشن آف فوڈ سیفٹی کی جانب سے سکریٹریٹ میں منعقدہ ایک اجلاس میں انہوں نے یہ بات کہی۔اس موقع پر انہوں نے مختلف اسوسی ایشنس آف اسٹیٹ ہوٹلس۔نیشنل ریسٹورنٹس۔آئیل مرچنٹس۔ بار اینڈ ریسٹورنٹس۔انڈین ڈیری ملک پروڈاکٹس۔اور غذائی شعبے کے دیگر مختلف اسوسی ایشنس کے نمائندوں کو مخاطب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔انہوں نے ان اسوسی ایشنس کو ہدایت دی کہ وہ عوام کو بہتر غذا فراہم کریں۔انہوں نے کہا کہ حیدرآباد، دنیا میں میڈیکل ہب کی طور پر ابھر رہا ہے۔ایسے میں شہر کی برانڈ امیج کو خراب ہونے نہ دیں۔انہوں نے ہوٹل کے مالکان سے مخاطب کرتے ہوئے کہ وہ اپنی سماجی ذمہ داری کو سمجھیں ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی کہا کہ شعور بیداری اور فوڈ سیفٹی سے متعلق آئندہ چھ میں شعو بیداری کانفرنس اور ورکشاپس منعقد کئے جائیں گے۔

SINGARENI

سنگارینی کالریز کمپنی۔ایس سی ایل۔نے روزگار میں ہمدردی کی بنیاد پر حد عمر میں پنتیس سے چالیس سال تک کا اضافہ کیا ہے۔اس کا اطلاق نو مارچ دو ہزار اٹھارہ سے کیا جائے گا۔جس سے تین سو لوگوں کو فائدہ حاصل ہوگا۔سنگارینی کالریز کے چیرمین اینڈ ڈائریکٹر بلرام نے کہا کہ حد عمر میں اضافہ وزیر اعلی ریونت ریڈی اور نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا کی ہدایت پر کیا گیا ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ نئی تبدیلیاں صرف انہی کے لئے لاگو ہوں گی جہاں پرانی حد عمر کے اصول کے مطابق کوئی قطعی فیصلہ نہیں کیا گیا ہو۔

WEATHER

جنوب مغرب مانسون تلنگانہ کے کئی حصوں میں پیش قدمی کررہا ہے۔محکمہ موسمیات کی جانب سے روزانہ جاری کی جانے والی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ریاست کے دیگر اضلاع میں بھی جنوب مغربی مانسون کے ریاست میں آئندہ آڑتالیس گھنٹوں میں داخل ہونے کی اطلاعات ہیں۔جس کی وجہ سے ریاست کے مختلف اضلاع کے کئی مقامات پر آئندہ کل تیز بارش کا امکان ہے۔اس کے علاوہ ریاست کے دیگر مقامات پر آئندہ تین دنوں کے دوران گرج چمک اور تیز ہوائیں چلنے کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست کے کچھ مقامات پر بارش ریکارڈ کی گئی۔

PROTEST

ریاست کے اقامتی تعلیمی اداروں کی سوسائٹی کے اساتذہ کی جائیدادوں کے امیدواروں نے ہائی کورٹ کے عبوری حکم نامے پر عمل آوری کا مطالبہ کرتے ہوئے چیف منسٹر ریونت ریڈی کی رہائش گاہ واقع جوبلی ہلز پر مظاہرہ کیا۔اس موقع پر اپنے مطالبات کو منوانے کے لئے احتجاج کرتے ہوئے نو منتخبہ ایم ایل سی تین مارملنا کی گاڑی کو روک لیا گیا۔اس موقع پر تین مارملنا نے احتجاجیوں سے کہا کہ وہ وزیر اعلی کے

ساتھ ان کا اجلاس منعقد کریں گے اور ان کے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں گے۔ اساتذہ کی نوکریوں کے امیدوار ریاست کے مختلف مقامات سے اپنے مسائل کو حل کرنے کے لئے وزیر اعلی رہائش گاہ پہونچے تھے۔ لیکن انہیں وزیر اعلی سے ملنے کی اجازت نہیں دی گئی۔

TG PSC

اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن (ٹی جی ۔ پی ایس سی) کی جانب سے قطعی انتخاب کی فہرست جاری کرنے اور اپائنٹمنٹ لیٹرس فراہم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے اسسٹنٹ ایگزیکیٹو انجینئر کی جائیدادوں کے امیدواروں نے آج گاندھی بھون حیدرآباد پر احتجاج کیا۔ امیدواروں کی جانب سے مطالبہ کیا گیا کہ اب جبکہ اسنادات کی تنقیح کا کام دو مہینے قبل مکمل ہو چکا ہے لیکن کمیشن کی جانب سے ابھی تک قطعی نتائج جاری نہیں کئے گے۔ لہذا فوری اسے جاری کیا جائے۔ احتجاجیوں نے کہا کہ سرٹیفکٹس ویریفیکیشن اور ریزرویشن سے متعلق مسائل کی یکسوئی کے لئے پہلے ہی انہیں عدالت سے رجوع ہونا پڑا ہے۔

WAQF BOARD

وقف بورڈ تلنگانہ کی جانب سے جاری کئے گئے بیان میں اس سال عیدالاضحیٰ قمری تاریخ کے مطابق دس ذالحجہ، سترہ جون۔ بروز پیر منائی جائے گی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ عیدگاہ میر عالم ٹینک پر نماز عید ساڑھے نو بجے۔ جبکہ قدیم عیدگاہ مادنا پیٹ پر نماز عید نو بجے ادا کی جائے گی۔ اس ضمن میں تیاریوں کا جائزہ لینے کے لئے عیدگاہ میر عالم ٹینک حیدرآباد پر تیرہ جون کو صبح ساڑھے گیارہ بجے خصوصی اجلاس منعقد ہوگا۔ جس میں وقف بورڈ چیرمین عظمت اللہ حسینی کے علاوہ متعلقہ ارکان اسمبلی اور ریاست تلنگانہ کے تمام سرکاری شعبہ کے ذمہ داران بھی شریک رہیں گے۔